# عوامی مقامات میں پائے جانے والے دماغی اعتبار سے خلل میں مبتلا افراد کا داخلہ

(مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ 136)

| | |
|---|---|
| 1. مریض کا نام | |
| 2. ہسپتال اور وارڈ کا نام | |

## میں ہسپتال میں کیوں ہوں؟

آپ کو اس ہسپتال میں ایک پولیس افسر اس وجہ سے لے کر آیا ہے کہ انہیں تشویش ہے کہ آپ دماغی اختلال میں مبتلا ہیں اور آپ کو دماغی صحت سے متعلق پیشہ ور فرد کے ذریعہ دکھایا جانا چاہئے۔

آپ کو مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کی دفعہ 136 کے تحت یہاں رکھا گیا ہے تاکہ یہ پتہ لگانے کے لئے آپ کی تشخیص کی جاسکے کہ آیا آپ کو معالجہ درکار ہے۔

## میں یہاں کتنے وقفے تک رہوں گا؟

آپ کو یہاں پر (یا کسی اور جگہ پر جہاں آپ محفوظ رہیں گے) 72 گھنٹوں تک کے لئے رکھا جائے گا تاکہ کوئی ڈاکٹر اور دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد آپ کو دیکھ سکے۔

دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد ایسا شخص ہوتا ہے جو یہ فیصلہ کرنے میں مدد کے لئے خصوصی تربیت یافتہ ہوتا ہے کہ آیا لوگوں کو ہسپتال میں رکھے جانے کی ضرورت ہے۔

اگر ڈاکٹر اور دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد اس بات پر اتفاق رائے کرتے ہیں کہ آپ کو ہسپتال میں ہی رہنا ہوگا تو، ان کے فیصلے کی تصدیق کرنے کے لئے ایک دوسرے ڈاکٹر سے آپ کو دیکھنے کو کہا جاسکتا ہے۔

اس دوران آپ کو ہرگز بھی چھوڑ کر نہیں جانا چاہئے جب تک کہ آپ سے یہ نہ کہہ دیا جائے کہ آپ چھوڑ کر جاسکتے ہیں۔ اگر آپ جانے کی کوشش کرتے ہیں تو، عملہ آپ کو روک سکتا ہے، اور اگر آپ چھوڑ کر چلے ہی جاتے ہیں تو، آپ کو واپس لایا جاسکتا ہے۔

اگر ڈاکٹر اور دماغی صحت سے متعلق منظور شدہ پیشہ ور فرد نے 72 گھنٹے ختم ہونے تک آپ کو نہیں دیکھا ہے تو، آپ چھوڑ کر جانے کو آزاد ہوں گے۔ آپ ایک رضاکار مریض کی حیثیت سے رکنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ چھوڑ کر جانا ہی چاہتے ہیں تو، براہ کرم سب سے پہلے عملہ کے کسی ممبر سے بات کریں۔

